

Scanned with CamScanner

فرامین قبلہ امیر المجاہدین

غزوہ بدر کے 313 جانثاروں کی نسبت سے اس کتاب میں 313 فرامین ہیں۔

Scanned with CamScanner

فرامین قبلہ امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ

1: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جب فرانس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں ڈرامہ بنایا سلطان عبدالحمید ثانی (رحمتہ اللہ علیہ) نے جنگی لباس پہنا اور ان کے سفیر کو بلایا اور کہا ڈرامہ بند کرو سفیر کہنے لگا اب ٹکٹ سب فروخت ہو چکے ہیں سلطان الحمید ثانی (رحمتہ اللہ علیہ) نے تلوار لہراتے ہوئے کہا ڈرامہ بند کرو ورنہ کل سے میں اُمتِ مسلمہ میں جہاد کا اعلان کرتا ہوں۔

2: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تحریک لبیک پاکستان TLP کا منشور اسلام، پاکستان اور عوام کی خدمت کرنا۔

3: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اگر دین نہیں پڑھا تو پڑھو ہمیں دین مت سمجھاؤ میں قرآن کا پکا حافظ ہوں ترجمہ بھی آتا ہے تفسیریں بھی پڑھیں ہیں حدیثیں بھی آتی ہے تمہیں تو قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد پڑھنی نہیں آتی تم مجھے دین سمجھاؤ گے بیٹھ کر تبصرے کرتے ہو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کے بارے میں باز آجاؤ ان حرکتوں سے اگر تم چاہتے ہو تمھاری نسلیں بچ جائیں تم بچ جاؤ قبر حشر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے شرمندہ نہ ہو تو جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات آجائے تو بس پھر اگلی بات نہیں کرنی۔

4: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

بس تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ دو اور بڑی دلیری کے ساتھ، ساتھ دو۔

5: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

سکھوں کو خوش کرنے سے پہلے قائداعظم محمد علی جناح (رحمتہ اللہ علیہ) کی قبر پر تم نے جانا تھا سکھوں کو خوش کرنے سے پہلے علامہ محمد اقبال (رحمتہ اللہ علیہ) کی قبر پر تم نے جانا

Scanned with CamScanner

تھا اور سکھوں کو خوش کرنے سے پہلے ان ستر ہزار عورتوں سے پوچھنا تھا جن کو ہندو سکھ اٹھا کر لے گئے تھے سکھوں کے گردوارہ بناتے وقت ان کی روحوں سے پوچھنا تھا کہ سکھ ہی وہ تھے جنہوں نے مسلمانوں کی بچیوں کو اٹھایا جنہوں نے بچوں کی گردنیں کاٹیں جنہوں نے مسلمانوں کے قافلوں پر حملے کیے۔

6: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کیا بچا ہے کچھ بھی نہیں بچا گستاخ رسول عورت ہاتھ پر ہاتھ مار کر چلی گئی 22 کروڑ کو اگر (پاکستان کی عوام کو) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیامت والے دن بلا لیا بتاؤ مجھے گالیاں دینے والی تمھارے دور میں بھاگ کر چلی گئی کدھر تھے تم اس وقت بتاؤ کیا جواب دو گے جب قیامت والے دن سارے کہیں گے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم پھس گئے پھس گئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شفاعت فرمائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے آج تو تم آ گئے جب میری عزت پر بات آئی تھی اس وقت تم کدھر تھے۔

7: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اللہ تعالیٰ ان سے ایسا انتقام لے گا ان کی نسلیں بھی یاد رکھیں گی انہوں نے ہمارا راستہ نہیں روکا انہوں نے دین کا راستہ روکا جو دین کے ساتھ ٹکر لیتا ہے دین اس کو ذلیل کر کے رکھ دیتا ہے۔

8: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہم نے گردنیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کیلئے اور دین کی سربلندی کیلئے رکھی ہوئی ہیں اگر کسی کو کوئی غلط فہمی ہے تو پھر وہ میدان لگا کر دیکھ لے۔

9: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

پوری دنیا کان کھول کر سن لیں میں محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام ہوں

Scanned with CamScanner

10: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جو قوم ڈھائی 2.5 فیصد زکوٰۃ نہیں دیتی تھی اب 17 فیصد ٹیکس دے رہی ہے حکمران کہتے ہیں مزید ٹیکس دو تو دے گی قوم کیوں نہیں دے گی ٹیکس وہ بھی بندہ دے رہا ہے جس سے اسلام زکوٰۃ کا مطالبہ نہیں کرتا اس سے بھی ٹیکس لیا جا رہا ہیں اسلام ہی رحمت والا مذہب ہے۔

11: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جس نے اسلام سے غداری کی جس نے ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ختم نبوّت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے غداری کی جس نے پاکستان سے غداری کی اس کا کچھ نہیں بچنا کیونکہ رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے۔

12: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تاریخی الفاظ رزق تو کتوں کو بھی مل جاتا ہے روٹی کیلئے حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے وفائی مت کرو۔

13: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

10 محرم کو 1 چاولوں کی دیگ پکا دینا حسینی مشن نہیں بلکہ یزید کے سامنے ڈٹ جانا حسینی مشن ہے۔

14: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اگر پوری دُنیا امن چاہتی ہے تو اس کا ایک ہی طریقہ ہے، ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کرنا سیکھو۔

15: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

سب کچھ لٹا سکتے ہیں لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت و آبرو پر کبھی سودا گری نہیں کر سکتے۔

Scanned with CamScanner

16: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آج فرانس تمہیں چیلنج کر رہا ہے بتاؤ ایٹم بم کیوں رکھا ہے ایٹم بم باہر نکالو اعلانِ جہاد کرو ورنہ ہم سارے مر جائیں تا کہ قیامت والے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے شرمندہ نہ ہوں۔

17: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

وہ وقت عنقریب آنے والا ہے یہ کیا سمجھتے ہیں ہمیشہ ایسے رہنا ہے نہ ''اقبال کہتا ہے اب تیرا بھی دور آنے کو ہے فقر غیور کھا گئی رُوحِ فرنگی کو ہوائے سیم وزر'' اقبال کہتا ہیں غیرت مند فقیروں کا دور بھی آنا ہے ان شاء اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین تخت پر آنا ہے۔

18: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کا محافظ نہیں وہ کوئی زندہ باد نہیں زندہ باد وہ ہیں جو تختہ دار پر کھڑے ہو کر کہے یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر میں حاضر جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت پر ہالینڈ کو للکار نہ سکا جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت پر ہالینڈ کے سوروں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہ کر سکا وہ یہاں بھی مردہ قبر میں بھی مردہ وہ حشر میں بھی مردہ۔

19: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آج ہمارے پاس ایٹم بم ہوتے ہوئے غوری ابدالی شاہین اور حتف ابابیل سب کچھ ہوتے ہوئے (سب پاکستانی مزائل کے نام) ہندو مسلمانوں کی بیٹیاں اُٹھا کر لے جائیں اور وہ وہاں سدائیں کرتی رہیں اور کیا تم نے اللہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے پیش نہیں ہونا پوری قوم کو تم نے بزدل بنا کر رکھ دیا کچھ نہیں ہونا تھا امریکہ بھی فتح ہو جانا تھا کھڑے تو ہو جاتے۔

20: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تمہیں مقام رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پتہ ہی نہیں لوگ اگر مگر کرتے ہیں اگر مگر سے

Scanned with CamScanner

ناموسِ رسالت ﷺ پر پہرا تھوڑی ہونا ہے اگر مگر سے پہرا نہیں ہونا پہرا رسول اللہ ﷺ کی عزت پر اسی طرح ہونا ہے جس طرح پہرا حضرت صدیق اکبر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے دیا اور جس طرح حضرت فاروقِ اعظم (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے پہرا دیا۔

21: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جنگ کی بات ہی کوئی نہیں سننا چاہتا اوپر سے لیں کر نیچے تک کہتے ہیں کہ ہم ایٹمی پاور ہیں۔ ایٹمی پاور ہے تو استعمال کرو کبھی انہوں نے اسلام کا نام نہیں لیا اُنہوں نے اسلام کے لیے بھی کچھ نہیں کرنا، جب بھی بات کی تو کفر کے ساتھ ہم یہ کریں گے، کیا کرو گے، تمھارے پاس ہے کیا جو تم کرو گے توحید کی طاقت کو کبھی تم نے استعمال نہیں کیا اسلام کی پاور کو کبھی استعمال نہیں کیا اگر تم اسلام کی پاور جانتے ہوتے تو ایک دن بھی وہاں (مقبوضہ کشمیر) میں ہندو کرفیو نہ لگا سکتا۔

22: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آج ہم بڑے قیمتی مسلمان ہیں ہمارے بیٹے بڑے قیمتی ہیں جہاں حضرت امام علی اکبر رضی اللہ عنہ نے پاؤں رکھا ساری دنیا کے بیٹوں کی جوانیاں اس خاک پر قربان ہمارے بیٹے اتنے قیمتی ہو گئے جب اسلام کی بات آئے نہ نہ بچے باہر نہ نکلنا حالات نہیں ٹھیک، کیا تب حالات ٹھیک تھے جب کربلا میں سارے شہید ہو گئے۔

23: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

وہ کہتے ہیں مولوی کا سیاست سے کیا تعلق یہ پرچی مانگتے ہیں جب حضرت یوسف علیہ السلام سے پوچھا گیا سات سال خشک سالی کے کیسے نکلیں گے، فرمایا مجھے وزیر خزانہ بنا دو انہوں نے نبیوں کی سیاست پڑھی ہوتی تو ان کو پتہ ہوتا کہ مولویوں کا سیاست سے کیا تعلق ہے۔

24: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہمارے خاکے بناؤ اگر حضور ﷺ کے بارے میں بات کی تو علاج وہی ہے جو

Scanned with CamScanner

ممتاز قادری شہید (رحمتہ اللہ علیہ) نے کیا آج نہیں تو کل ہم نے تمھارا علاج اس طرح ہی کرنا ہے ہالینڈ ہو یا امریکہ ہو یا کائنات کا کوئی بھی گستاخ ہو اس کے لیے یہی پیغام ہے۔

25: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اسلام کسی کا محتاج نہیں، اور نہ ہی کسی کے پیروں میں پڑتا ہے کہ میرا کام کرو۔

26: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تبدیلی کا کوئی نعرہ لگا دے تو قوم اس کے ساتھ کھڑی ہو جاتی ہے جوتیاں جتنی مرضی پڑیں کہتے ہیں نہیں نہیں ابھی ایک سال کی جوتیاں پڑی ہیں نہیں چار پانچ سال پڑیں گی تو پھر پاؤں سیدھا ہوگا ابھی تو جوتی ٹیڑی ہے یہاں جو آتا ہے کہتا اس نے لوٹا اب تو لوٹ اب تو چلا جائے گا اور آئے گا وہ کہے گا پہلے خزانہ خالی تھا بھرنا کس نے ہے؟ ان لیٹروں نے نہیں بھرنا جب بھی بھرا جائے گا محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کے ساتھ بھرا جائے گا۔

27: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہم ممتاز قادری شہید (رحمتہ اللہ علیہ) کے ساتھ کھڑے ہیں ہمیں اس بات پر فخر ہے اور ہمیں اس بات پر بھی فخر ہے قبر کے اندر اور حشر تک کہ ہم نے فیض آباد میں بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پہرا دیا۔

28: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

14 فروری اگر تمھارے پاس وقت ہے تو اس پیسوں سے کسی غریب کو چیز لے کر دو اگر تمھارے پاس وقت ہے بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھو اگر بہت ٹائم ہے بیٹھ کر قرآن مجید پڑھو اگر بہت ٹائم ہے تو ماں باپ کے پاؤں کی مالش کرو۔

29: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کہتے ہیں اسلام فوبیا ہو گیا کسی کو اسلام فوبیا نہیں ہوا مساجد کے سپیکر تم نے اتارے یا ٹرمپ نے آ کر اتارے، قرآن حدیث نصاب سے تم نے نکالا یا مودی نے آ کر نکالا، اسلام فوبیا تمہیں ہوا ہے کسی کو اسلام فوبیا نہیں ہے، دینی مدارس پر پابندیاں تم لگاتے ہو

Scanned with CamScanner

یا وہ باہر سے آ کر لگاتے ہیں، گستاخ رسول کے ساتھ تم کھڑے ہوتے ہو یا وہ باہر سے آ کر کھڑے ہوتے ہیں، ممتاز قادری شہید رحمتہ اللہ علیہ کو تختہ دار پر تم نے لٹکایا یا اُنہوں نے۔

30: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

خزاں اس وقت آتی ہے جب بندہ اسلام کے ساتھ غداری کرتا ہے اپنی جان بچائے اور کہے حالات نہیں ٹھیک میں دین کا کام نہیں کرسکتا اس دن مومن پر خزاں آ جاتی ہے۔

31: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

بندہ کلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پڑھے اور کہے مسلمان کیا کر سکتے ہیں مسلمان تو صرف غلامی کر سکتے ہیں مسلمان صرف غیروں کے قصیدے پڑھ سکتے ہیں مسلمان قرآن کو چھوڑ کر لوگوں کی تعلیم تو پڑھ سکتے ہیں لیکن قرآن نہیں پڑھ سکتے ہیں یہ کیا باتیں ہیں کلمہ پڑھنے کے بعد بات ختم ہو جاتی ہے مومن کی مرضی رہتی ہی نہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال اس اونٹ کی طرح ہے جس کی نکیل اس کے مالک کے ہاتھ ہو۔

32: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کن کے کہنے پر تم نئے نئے مسائل کھڑے کر رہے ہو اِس وقت ان مسائل کا وقت نہیں اِس وقت ان مسائل کا وقت ہے کہ برما میں کیا ہوا اور دہلی (ہندوستان) کے امام مسجد کی آنکھیں نکال دی گئی جو مولویوں کے خلاف باتیں کرتے ہیں ان کے پہلے بستر تیار ہوتے ہیں میں نے تاریخ میں پڑھا ہے کہ پیسے والے دین کے خلاف بک بک کرنے والے اور لبرل ان کے پہلے صندوق تیار ہوتے ہیں جب دیکھتے ہیں ملک کے حالات نہیں ٹھیک پہلے ہی محفوظ مقام پر پہنچ جاتے ہیں جب بھی. قربانیاں دی ہیں میدان میں کھڑے ہو کر علماء کرام نے ہی دی ہیں۔

33: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آپ اور ہم خوش نصیب ہیں کہ ہم اپنے خون کا اظہار کر رہے ہیں ہمارے آباؤ

Scanned with CamScanner

اجداد نے صدقے یارسول اللہ ﷺ کے نعرے لگائے ہمارے بڑوں نے حضور ﷺ سے محبت کی حضور ﷺ کی ختم نبوت ﷺ پر پہرے دیئے ہم اپنے خاندان کا اظہار کررہے ہیں جن لوگوں کو یہ مسئلہ نہیں سمجھ آرہا وہ اپنے خاندان کا اظہار کررہے ہیں ہمارا کام بس مسئلہ بتادینا ہر کوئی اپنے خون اور خاندان کا اظہار کررہا ہے دُعا ہے کہ تاصبح قیامت تک اللہ تعالیٰ ہمارے خون میں یہ اثر رکھے اور ہمارے خاندان اور ہماری نسلیں بھی ایسے لبیک یارسول اللہ ﷺ کے نعرے لگاتے رہیں۔

34: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آج اس طرح کام کرو کل حضور ﷺ خود بلائے فلاں کو بلا کر لاؤ دنیا والے دیکھتے رہیں وہ کون ہے فرمایا یہ وہ آدمی ہے جو پوری دنیا سے ٹکر لے رہا تھا اس نے کسی رشتے کو نہیں دیکھا بس اس نے میری نسبت کو دیکھا۔

35: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

قرآن بھی اٹھا کر سائیڈ پر رکھ دیا اور حدیث بھی اٹھا کر سائیڈ پر رکھ دی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسوۂ حسنہ صدیقی رضی اللہ عنہ دور بھی اٹھا کر پیچھے رکھ دیا فاروقی رضی اللہ عنہ دور بھی عثمانی رضی اللہ عنہ دور بھی علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا دور بھی عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا دور بھی امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا دور بھی پیچھے رکھ دیا اسلام نے تو کام ہی کوئی نہیں کیا کام تو کیا ہے یہود نصاریٰ نے ان کی تعلیمات اوپر لاؤ انگریزی اوپر لاؤ سکول بناؤ کالج بناؤ کر کٹروں کو کروڑ کروڑ دو گانے والیوں کو گولڈ میڈل دو اور مساجد کے سپیکر اتار دو۔

36: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

دین کی طرف بس چلنے کی دیر ہے پھر برکتیں ہی برکتیں رحمتیں ہی رحمتیں امن ہی امن سکون ہی سکون ہے اور کوئی بات ہی نہیں دین سکون کا نام ہے امن کا نام ہے کیا ملا 72 سال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کے ساتھ بغاوت کر کے روٹی بھی کوئی نہ ملی کیا ملا شہ رگ کاٹی جارہی ہو تو ٹانگ کیا سلامت رہنی ہے کہتے ہیں ہم کشمیریوں کے ساتھ ہیں میں

Scanned with CamScanner

نے کہا کیسے ساتھ ہیں جب آخری کشمیر مرجائے گا۔

37: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اُس سے بڑا بد بخت کائنات میں نہیں ہوگا جو لبیک کے نعرے کو متنازع بنانا چاہتا ہے اس لیے کے تمھارے نعرے بند ہو گئے تمھارے نعرے اب نہیں لگنے اب ایک ہی بات ہونی ہے انہیں جانا انہیں مانا اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات ہونی ہے بس اس بات کو سمجھو اور کھڑے ہو جاؤ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کے لیے اور کہو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین اب تخت پر لانا ہے۔

38: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اِس سے بڑا شکر کوئی نہیں کہ بندہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام رہے وفادار رہے۔

39: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مختصر منشور یہی ہے ایسا کسی کے پاس منشور نہیں ہے ہمارا منشور اسلام، پاکستان اور عوام ہمارا منشور سیدھا سادا ہے اسلام کو غالب کرنے کے لیے پاکستان کو سپر پاور بنا کر پھر پاکستان کی عوام خود نکلے گی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کا جھنڈا لے کر۔

40: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کلمہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پڑھتے ہو کام غیروں کے کرتے ہو مال سارا پاکستان کا کھاتے ہو نچھاور غیروں پر کرتے ہو اتنا تمہیں پیار آ گیا اپنی جائیدادیں بیچ کر مندر بناؤ اپنے 300 کنال وہاں سے دو چار کنال دے دو وہاں خود بھی جا کر گھنٹیاں بجایا کرو اگر تمہیں اللہ اکبر کہنے سے پریشانی ہے تو مورتیوں کے آگے جھکا کرو کس طرف تم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو لے جانا چاہتے ہو؟

41: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

دہشت گرد کفر ہے جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آ گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

Scanned with CamScanner

مخالفت کی دہشتگرد مرزائیوں کے یار ہیں، حضور ﷺ نے فرمایا میں خاتم النبیین ہوں انہوں نے نہ رب کی بات مانی نہ رسول اللہ ﷺ کی بات مانی نہ امت مسلمہ کی، دہشتگرد تو وہ ہیں مرزائی اور مرزائی نواز اور مرزائیوں کے یار اور ان کے سہولت کار، ہم تو محمد عربی ﷺ کے باوفا غلام ہیں۔

42: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

جو ہوتے ہیں جولی چُک جو ہوتے ہیں سیاسی وابستگی والے ان کو پھر ناموس رسالت ﷺ کو چھوڑ کر صرف اپنے لیڈر نظر آتے ہیں ان کو اپنی جماعتیں نظر آتی ہیں ان کو پھر اپنی ملازمتیں نظر آتی ہیں ان کو پھر اپنی اداروں کے ساتھ وابستگیاں نظر آتی ہے مولانا روم (رحمتہ اللہ علیہ) فرماتے ہیں جس کی فطرت گندی ہوں وہ تو حضور ﷺ کو دیکھ کر بھی نہ مانے۔

43: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

پاکستان تمھاری غنڈہ گردی کے لیے نہیں بنا پاکستان مندروں کی تعمیر کے لیے نہیں بنا پاکستان مرزائیوں کو اوپر لانے کے لیے نہیں بنا پاکستان لبرل ازم والوں کو اسلام کے خلاف باتیں کروانے کے لیے نہیں بنا پاکستان تو ایک ہی وجہ سے بنا کہ مسلمان یہاں قدم جما کر دین کا اتنا کام کریں گے کہ پوری دنیا پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین غالب آجائے گا۔

44: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

پاکستان ہمارے بزرگوں نے ایک ذریعہ بنایا تھا یہاں ہم آئیں گے ایک آزاد ریاست حاصل کر کے پھر یہاں سے جس طرح میرے آقا مولا ﷺ نے خطوط لکھے فرمایا کلمہ پڑھو تو یہاں جب ہماری ریاست مضبوط ہو جائے گی پھر ہم بھی ٹرمپ کو یہی کہیں گے مودی کو بھی کہیں گے کلمہ پڑھو پاکستان صرف رسول اللہ ﷺ کے دین کے لیے بنا ہے۔

Scanned with CamScanner

45: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ڈاکٹر عبدالقدیر نے غلامی اور قید بندی کی زندگی نہیں گزارنی تھی اگر قوم کے اندر دم خم ہوتا بتاؤ اتنا بڑا محسن، محسن پاکستان ہی نہیں ملت کے بھی محسن ہیں انہوں نے اسلام کے گھوڑے تیار کیے (ایٹمی مزائیل) تم تو ان گھوڑوں کو چلا بھی نہ سکے اور تم تو ان کی لگام بھی نہ بنا سکے وہ تمہیں اتنے بڑے گھوڑے بنا کر دیئے اور وہ زندگی گزاریں نظر بندی کی۔

46: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اگر تم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفا کرو گے تو ساری دنیا تمھاری وفادار ہو جائے گی۔

47: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

بڑے جنازے حکمرانیوں سے نہیں ہوتے بڑے جنازے محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی سے ہوتے ہیں۔

48: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

منافق وہ ہوتا ہے جو اپنی مرضی سے دین پر چلے جبکہ مومن وہ ہوتا ہے جو اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مرضی سے دین پر چلے۔

49: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آج لوگوں نے ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسئلے کو بچوں کا کھیل سمجھا ہوا ہے حکمران کی اس پر توجہ ہی نہیں مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگِ یمامہ میں 1200 صحابہ کرام شہید ہوئے۔

50: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جہاں بیٹھو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کرو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی (رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں ذکر ان کا چھیڑیئے ہر بات پر چھیڑنا شیطان کا عادت کیجیے۔

51: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین تخت پر ہوگا تو کوئی کسی کا حق نہیں مار سکے گا۔

Scanned with CamScanner

:52 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

پاکستان میں دین اسلام کے نظریہ کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا۔

:53 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

سود ختم کردو معیشت سنبھل جائے گی انگریز کا قانون ختم کر کے اللہ کا قانون نافذ کردو زمین سونا اگلے گی۔

:54 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جب ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو میں ملا، میں نے انکے ہاتھ چومے تو ڈاکٹر صاحب نے کہا آپ نے ایسا کیوں کیا میں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تیر بنانے والا پکڑانے والا چلانے والا سب جنتی ہے میں نے یہ ہاتھ اس لیے چومے کہ آپ نے اس سے ایٹم بم بنایا تو ڈاکٹر عبدالقدیر خان رو پڑے۔

:55 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

نہ میں نے کسی کا خون بہایا نہ میں نے کسی کو قتل کیا میرا جرم صرف یہی ہے کہ میں محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عشق کی بات کرتا ہوں۔

:56 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

میرے جیسے لاکھوں پیدا ہوں ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے مرتے رہیں تو ختم نبوت وناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تحفظ اس سے بھی اعلیٰ ہے۔

:57 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

منکرینِ ختمِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر عالمی طاقت یا کوئی منافق کھڑا ہے تو وہ یہ سن لے کے ہماری پشت پر جنگِ یمامہ میں شامل ہونے والے صحابہ کرام کی طاقت کھڑی ہے۔

:58 فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کوئی یہ نہ سمجھے میں نہ گیا تو کیا ہوگا وہ بد بخت ہوگا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت

Scanned with CamScanner

کے لئے نہ نکلے۔

59: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارک صرف محبت اور عشق کے لئے ہے بحث کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مبارکہ نہیں۔

60: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

عشق پوچھ پوچھ کر نہیں ہوتا، عشق بغیر سوچے سمجھے ہوتا ہے۔

61: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

گناہ گار کے لئے معافی ہے مگر غدار کے لئے نہیں۔

62: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ایک جنگ شروع ہو چکی ہے اور یہ جنگ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جنگ ہے۔ جو اس سے پیچھے رہتا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے غداری کرتا ہے۔

63: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

انسان دلیر ہی اسی وقت ہوتا ہے جب اسکے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہو۔

64: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اپنے دشمن کو چھوڑ دینا بہادری ہے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن کو چھوڑ دینا بے غیرتی ہے۔

65: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اس سے پہلے کہ زبان بند ہو جائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کی بات کرو۔

66: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

دنیا کا سب سے بدترین شخص وہ ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کا مسئلہ سمجھ نہیں آتا۔

Scanned with CamScanner

67: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

فرانس میں جو کچھ ہوا ہم غازی عبداللہ کے ساتھ ہیں، جو اس کی مذمت کرے اس پر لعنت بھیجتے ہیں، غازی عبداللہ نے وہی کیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چاہت پر مذمت کرنا ہم مذمت کرنے والوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔

68: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

لوگ بہت باتیں کرتے ہیں لیکن کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سچا عاشق دیکھنا ہو تو میرے رضا کو دیکھ لے (اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ) کوئی ہے رضا سا تو سامنے لاؤ۔

69: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہم غازی ظہیر کے ساتھ کھڑے ہیں ہم تو غازی ممتاز قادری کے ساتھ کھڑے ہیں ہم غازی تنویر کے ساتھ کھڑے ہیں ہم غازی سلیم کے ساتھ کھڑے ہیں ہم غازی علم الدین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

70: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کوئی لاکھ قیامت تک بڑ بڑ کرتا رہے اور لاکھوں نئے نئے نظریات نکالتا رہے نظریات وہی ہیں راستے وہی ہیں جس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم چلے اور چل کر پوری دنیا کو بتایا:

کی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

71: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر پالیسیاں بنانا اور ٹوئٹ کر کے ملک چلانا اور ہے اور اپنی پشت کے اوپر آٹے کی بوری لاد کر غریبوں کے گھر لیں جا کر چولہا جلا کر روٹی پکا کر بچوں کو کھلا کر ہنسانا اور بات ہے یہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہی کر سکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

72: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

سیاسی لوگ بیان دیتے ہیں واقعہ کربلا امن سلامتی کا درس دیتا ہے اس سے بڑا کوئی جھوٹ کائنات میں نہیں ہوگا میں نے کہا واقعہ کربلا سینہ تان کر جان دینے کا درس دیتا ہے۔

73: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے تھے حکمرانوں میں سے سب سے بڑا بد بخت حکمران وہ ہے جس کے ہوتے ہوئے اس کی رعایا بد بخت ہو جائے "یعنی کرپٹ ہو جائے بد دیانت ہو جائے رشوت خور ہو جائے "سود خور ہو جائے بے حیا ہو جائے۔

74: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

لبیک کے نعرے کی بڑی تکلیف ہے کوئی دکان کے باہر یہ نعرہ لکھ دے تو کہتے ہیں آپ لبیک والوں کے ساتھ ہیں یعنی آپ نے یہ نعرہ کیوں لکھا ہے، ایک وقت آنے والا ہے اس دن ہم تم سے پوچھیں گے اب بتاؤ تمہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر اتنا درد کیوں تھا۔

75: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

غیرت اتنی ایک خطیب نے عید والے دن چاروں یاروں کا نام نہیں لیا خطبہ میں امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اس کو نکالا کیوں نہیں ابھی تک جس نے عید والے دن ابوبکر، عمر، عثمان و علی رضی اللہ عنہم کا نام نہیں لیا خطبہ میں اگرچہ یہ خطبہ کا جز نہیں ہے اس کے بغیر خطبہ ہو جاتا ہے لیکن اس کو پتہ نہیں ہے کہ اہلسنت و جماعت کی یہ نشانی ہے۔

76: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہم بھی عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں میں نے کہا زبانی کہنے سے عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں ہوتا بات آپ یہ بتائیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں کو کیا جواب دیا ہے اس موقع پر رحمت اللعالمین کانفرنس نہیں ہونی چاہیے اس موقع پر یہ کانفرنس ہونی چاہیے حضور

Scanned with CamScanner

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دشمنوں کو کیسے قتل کروایا اس موقع پر یہ کانفرنس ہونی چاہیے تھی فتح مکہ کے موقع پر کتی بھی بچ گئی کتی کے بچے بھی بچ گئے لیکن ایک انسان کعبہ کے ساتھ لٹکتا ہوا کیوں قتل ہو گیا۔

77: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

میں نے کہا اقبال تُو عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں کیوں کرتا ہے تمہیں کس نے کہا، تو خود بتا، کہنے لگا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے عشق کی بات کر۔

78: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اقبال رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے عید کی نماز میں جو چھ دفعہ تکبیریں ہوتی ہے اللہ اکبر کی وہ اس کی قبول ہے جس نے اللہ اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کسی کے سامنے اپنی گردن نہیں جھکائی جو چائے کی پیالی کے لیے دین فروخت کرتا رہا اس کی قبول نہیں۔

79: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تم مانو جو تم نے ظلم کیا ختم نبوت پر ڈاکہ ڈالا مانو کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کے محافظ ممتاز قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ کو روزے کی حالت میں پھانسی دی بتاؤ کس کے کہنے پر دی پوری امت کا سوال ہے اس سوال کا جواب آج نہیں تو کل دینا پڑے گا قبر کے اندر بھی دینا ہے کل حشر میں بھی دینا ہے۔

80: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

میجر امیر افضل نے اپنی کتاب میں لکھا 1965 کی جنگ میں "بی آر بی" نہر پر کھڑا تھا کہنے لگا ہمارے پاس ایک گولی بھی نہ رہی ادھر سے پورا ہندو بریگیڈ آ رہا تھا ان کے ساتھ ساری مدد آ رہی تھی کہنے لگا ہم نے تین نعروں کے ساتھ ہندو فوج کو تین گھنٹے روکے رکھا جب ہندو آتے تھے پورے ٹینک لے کر آئے تو ہم نعرہ تکبیر نعرہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نعرہ حیدری لگاتے وہ بھاگ جاتے۔

Scanned with CamScanner

81: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی پاور ہے اس پاور کے ساتھ ہم نے پاکستان میں تبدیلی لانی ہے گلی محلے میں بس ایک ہی نعرہ لگنا ہے لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، لبیک کا معنی ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ ایک دفعہ بلائے میں دو دفعہ حاضر۔

82: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

یہ قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ بانیِ پاکستان یہ بلکل چمکتا ہوا گبند جنہوں نے غازی علم الدین شہید رحمۃ اللہ علیہ کا مقدمہ لڑا۔ جناب بتاؤ غازی علم الدین شہید رحمۃ اللہ علیہ دہشتگرد تھے؟ بولو جناب وہ کہہ رہے ہیں جھلا ہوگیاں اگر دہشتگرد ہوتا تو میں نے مقدمہ لڑنا تھا وہ تو محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام تھا محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کا پہریدار تھا جب کافر جج نے آئیں بائیں شائیں کی تو قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے یہ باتیں نہ کر تمہیں پتہ نہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیار کتنا ہے۔

83: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جن کا ہم کام کررہے ہیں وہ ہمیں دیکھ رہے ہیں۔

84: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

وہ بڑا سخت ہے وہ بڑا سخت انتقام لیتا ہے (اللہ تعالیٰ) اس نے تم سے انتقام لینا ہے ہم نے تو صرف نعرہ لگانا ہے۔ ”آیا آیا دین آیا آیا آیا دین آیا“

85: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جب جرمنی کا صحافی اور ٹیم آئی مجھ سے انٹرویو لینے تو میں نے صرف دو باتیں ان سے کی ٹھنڈے ٹھار ہوگئے تھے میں نے کہا آسیہ معلونہ (گستاخ) کی جان چھوڑ دو۔ کہنے لگا کیوں؟ میں نے کہا فتح مکہ والے دن کُتی کے بچے بچ گئے تھے دس ہزار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تھے جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزرے تو راستے میں کُتی سوئی ہوئی تھی،

Scanned with CamScanner

صحابی کو حضور ﷺ نے وہاں کھڑا کر دیا، کہ کُتی کے بچے نہ مریں، دس ہزار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین گزرے کُتی کا ایک بچہ نہ مرا، میں نے کہا گستاخ کعبہ کے غلاف کے ساتھ لپٹا ہوا مارا گیا۔ وہ کہنے لگا واقع ایسی بات ہے تین دفعہ اس نے مجھ سے پوچھا میں نے کہا ہاں ایسے ہی ہے کہنے لگا سمجھ آ گئی دین کیا ہے میں نے کہا گل وچ ہور اے۔ گستاخ رسول کو مت پناہ دو، ساری امتِ مسلمہ بھی مر جائے لیکن اس مسئلے پر ہم دو نمبری نہیں کر سکتے۔

86: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

فیض آباد ایف سی والے پولیس والے قریب آ گئے کہنے لگے وہ آ گئے میں نے کہا دو ہی باتیں ہیں شہادت یا گرفتاری۔

87: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

جس قوم کے چوروں کے بورڈ چوکوں میں لگ جائیں جب قوم کے راہنما ڈاکو اور چور بن جائیں ان پر لوگ فخر کرے ان کے لوگ نعرے لگائے اس قوم کو کب اللہ ہدایت دے گا اس قوم پر کب اللہ کی رحمت آئے گی۔

88: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

اوپر اسلام آئے گا تو سارے معاملات حل ہو جائیں گے۔

89: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

واپس آؤ رسول اللہ ﷺ کے دین کی طرف اب سونا نہیں اب جاگتے رہنا ہے۔

90: فرمان قبله امیر المجاهدین رحمۃ اللہ علیہ

ہماری تحریک اس عظیم مقصد کے لیے ہے جس کے بارے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر حضور ﷺ کی امت حضور ﷺ کی عزت پر پہرا نہیں دیں سکتی پھر ساری امت مر جائے اس کو زندہ رہنے کا حق نہیں ہم تو پوری امت کی زندگی کے لیے میدان میں

Scanned with CamScanner

آئے ہیں ہم حاضر ہیں، میدان میں بیٹھے ہیں، اگر کسی کو کوئی مسئلہ ہے وہ ہم سے بات کرے، باقی رہ گیا حضور ﷺ کی عزت پر پہرا دینا ختم نبوت ﷺ پہرا دینا، دین کی حفاظت کرنا، یہ تو ہمارا اسلامی فریضہ ہے اس سے ہم پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔

91: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

دین کسی کا محتاج نہیں دین بڑا غیرت والا ہے جو تھوڑا سا پیچھے ہٹے دین اس کو اُٹھا کر پھینک دیتا ہے دین کہتا ہے میں نے تجھے سنبھالا ہوا ہے یا تم نے مجھے سنبھالا ہوا ہے یہ مت کوئی سمجھے دین ہماری وجہ سے کھڑا ہے، نہ نہ دین اپنی پاور کے ساتھ کھڑا ہے۔

92: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

رسول اللہ ﷺ سے محبت پوچھ پوچھ کر نہیں ہوتی محبت ''اَنّے واہ'' ہوتی ہے۔

93: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ریڈ زون (Zone Red) پوری کائنات میں صرف ایک ہی ہے وہ دربار رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے میں نے کہا وہ اور کوئی ہوں گے جو تمھارے ریڈ زون کو ماننے والے ہم نے کائنات میں ایک ہی ریڈ زون مانا جس پر رب نے فرمایا ادھر اونچی آواز نہیں کرنی۔

94: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جو قوم کے راز اگل رہے ہیں، ڈرو خدا سے ہوش کرو، یہ غداریاں ملک برباد کر دیتی ہیں جو غدار ہو اس کے لیے معافی ہے ہی نہیں 70 سال یہاں غداروں کو معافی دی گئی غداروں کو معافی نہ دی گئی ہوتی نہ بنگلہ دیش ٹوٹتا نہ بلوچستان کے حالات خراب ہوتے نہ سرحدوں کے اوپر بم برستے نہ بازاروں میں خودکش حملے ہوتے نہ فوج پر حملے ہوتے نہ پولیس پر حملے ہوتے نہ مساجد کے اندر بم دھماکے ہوتے نہ عافیہ کا درد کسی کو ہوتا، اگر غداروں کو سزا دی ہوتی تو نہ کوئی عافیہ صدیقی کو بیچتا نہ C 295 کو چھیڑتا۔

Scanned with CamScanner

95: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

کہتے ہیں فرانس میں جس نے یہ کام کیا ہم اس کی مذمت کرتے ہیں میں نے کہا ہم تیری مذمت کرتے ہیں ایک بار نہیں لاکھ بار مذمت کرتے ہیں تو مذمت کرتا ہے کوئی نہیں ان شاء اللہ تیرے اوپر بھی وقت آنے والا ہے گناہ گار کے لیے معافی ہے غدار کے لیے نہیں۔

96: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جہاں بیٹھتے ہیں دین کے خلاف باتیں کرتے ہیں دین مولوی اور پیروں کا نہیں دین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے اس کے خلاف جس نے بات کی اس کا بچا کچھ نہیں ہمیں تم لاکھ دفعہ گالیاں نکالو لیکن جب دین کے خلاف بولو گے تو بچنا کچھ نہیں میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں جو دین دے کر جا رہا ہوں اس کا دن بھی دن ہے رات بھی دن ہے۔

97: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جس وقت ہمارے پاس کچھ بھی نہیں تھا تب بھی ہم نے تمہیں مارا تھا اب تمہیں پتہ ہونا چاہیے ہمارے پاس ایٹم بم بھی ہے غوری میزائل بھی ہے شاہین بھی ہے حتف ابابیل ابدالی بھی ہے خالد ٹینک بھی ہے ہمارے پاس دنیا کی بہترین فوج بھی ہے ہمارے پاس محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ غلام ہیں جب اسلام آباد جا رہے تھے جہلم کا پل بند تھا قریب تھا وہ پل نہ کھولتے تو یہ دریا کے اندر چھلانگیں لگا دیتے ہمارے پاس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ شیر ہیں۔

98: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

قیامت تک اگر کوئی بھارتی جنرل کو کوئی جواب دے سکتا ہے تو وہ صرف محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ہی ہیں۔ میں بھارتی جنرل کو یہ بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا او ہندو تو کہتا ہے کہ میں نے پاکستان پر حملہ کرنا ہے، پترا آنا حملہ کرنے دیا پترا۔ ہمارے پاس ایٹم بم بھی ہے، شاہین مزائیل بھی ہے، غوری بھی ہے، ابابیل بھی ہے، خالد ٹینک بھی ہے، دنیا کی بہترین فوج بھی ہے اور ادھر لبیک **"تحریک لبیک پاکستان"** والے بھی ہیں۔

99: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہم کہیں گے فوج کو ہمیں لبیک والوں کو تھوڑا آگے جانے دو ایک دفعہ مجھے اس کے سامنے جانے دو میں لبیک والوں کے ساتھ جا کر وہاں لبیک کا نعرہ لگاتا ہوں اگر سارے ہندو نہ بھاگے تو بات کرنا۔

100: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

مت کوئی تبصرے کرے ممتاز قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں، تو ظالم پہرا نہیں دے سکا، غازی تنویر کے بارے میں کوئی مت بات کرے، غازیان اسلام کے بارے میں مت کوئی بات کرے، تُو تو خود پہرا بھی نہیں دے سکا جنہوں نے دیا تو ان پر طنز کرتا ہے، تو کس بارگاہ میں بات کرتا ہے غازی ممتاز قادری شہید رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی ذاتی دشمنی نہیں تھی، ابھی تک لوگوں کو درد اٹھ رہا ہے ممتاز قادری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں قیامت تک یہ درد اُٹھتا رہنا ہے۔

101: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

غازی تنویر احمد قادری کا فون آیا مجھے فرماتے دو سکھ میرے ساتھ قید ہیں ان کا گرو ملنے آیا کہا تنویر قادری کو میرا اسلام کہنا۔ انہوں نے کہا وہ تو مسلمان ہے اس نے بندہ مارا ہے آپ ان کو کیوں سلام کرتے ہیں۔ سکھ گرو کہنے لگا ''تمہیں نہیں معلوم اس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت پر پہرا دیا'' سکھ گرو کو ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسئلہ سمجھ آ گیا کلمہ پڑھنے والے کو کیوں نہیں آیا کلمہ پڑھنے والے کہتے ہیں کہ ممتاز قادری رحمۃ اللہ علیہ نے قانون ہاتھ میں لیا ہے۔

102: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

عشق اپنے فیصلے کرنے میں خود بڑا دلیر ہوتا ہے اقبال رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے دین تو نام ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت و آبرو کے لیے اپنے آپ کو جلا دینے کا ہے۔

Scanned with CamScanner

103: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تم کیوں پریشان ہو کہ روٹی کون دیتا ہے پریشانی والی بات یہ نہیں ہے بلکہ یہ ہے کہ ملک دو ٹکڑے کیسے ہوا ہے اور پریشانی والی بات یہ ہے کہ 20 لاکھ مسلمانوں نے قربانیاں اس لیے دی اس ملک کے اندر مساجد بند کروا کر میچ کروائے جائیں۔ پاکستان کا ریلوے کس نے لوٹا، سٹیل مل کون لوٹ کر کھا گیا، قرآن حدیث کس نے نکالا نصاب سے، انہوں نے مسلمان بچیاں لے جا کر اسلام آباد میں نچائیں، سوال یہ ہے بچیاں کو نچانے والا کون تھا، کیا پاکستان بچیاں نچانے کے لیے بنا تھا؟

104: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جو حالات کو دیکھ کر پیچھے ہٹتے ہیں ان کے لیے یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار پر کیا لکھا ہوا تھا جو تلوار میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو دُجانہ رضی اللہ عنہ کو دی اس پر لکھا تھا بزدلی ایک شرمندگی ہے آگے بڑھنا عزت ہے کوئی بندہ اپنی بزدلی کی وجہ سے اپنی تقدیر سے نہیں بچ سکتا۔

105: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آپ نے پرچی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو دینی ہے جب آئے ان کے لیے اٹھنا بھی ان کے لیے ہے تو پھر پرچی کس کے لیے ہے گھر جا کر تبصرے کرتے ہیں مولویوں کو کیا ہو گیا، مولویوں کو کچھ بھی نہیں ہوا مولوی صرف ''آپ کا ایمان بچانا چاہتے ہیں۔''

106: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آجکل شادیوں پر جاہلیت کی باتیں، نکاح یہاں ہم سے پڑھائے گے مسجد میں پھر سارے کام جا کر گھر میں کرے گے بیٹیاں بھی ناچیں گی بیٹے بھی ناچیں گے پھر ماں باپ کہیں گے یہ میری بیٹی ناچ رہی ہے شرم نہیں آتی ڈوب مرو کلمہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پڑھ کر اپنی بیٹیاں ناچتے ہوئے دیکھتے ہو، مسجد میں نکاح پڑھانے کے بعد ہر جاہلیت کا کام گھر جا کر کرتے ہو۔

Scanned with CamScanner

107: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

میں آج علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ سے پیار نہیں کرتا، بلکہ جب سے میں نے ہوش سنبھالی تب سے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ سے مجھے پیار ہے۔ میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے شعر پڑھتا تھا اقبال رحمۃ اللہ علیہ تو دکھ لیکر چلا گیا کہ میں پورا جہان پھرا لیکن کوئی مسلمان نظر نہیں آیا۔ جسے دیکھ کر موت پیچھے ہٹی ہو میں نے تب فیصلہ کیا میں نے کہا علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کہ میں یہ گلہ دور کروں گا۔ جناب ہم اور تو کوئی خدمت آپ کی نہ کر سکے ایک بات ضرور ہے یہ میں ہزاروں بندے لے کر آیا ہوں جنہیں موت دیکھ کر پیچھے ہٹی ہے۔

108: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

وہ کہتے ہیں کہ پاکستان لبرل ازم کی طرف جا رہا ہے۔ میں نے کہا نہیں نہیں پاکستان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو تخت پر لانے کی طرف جا رہا ہے۔

109: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

ہمارا یہ جرم ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عزت کی بات کرتے ہیں یہ جرم تو نہیں بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی شان خود بیان کیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ نے سب سے بڑی عزت والا مجھے بنا کر بھیجا ہے۔ عزت والوں کی بات کرنا جرم ہے تو یہ جرم تو ہوگا۔

110: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

یہ تحریک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کی حفاظت کے لیے ہے۔ ہمارے ساتھ کھڑے ہو جاؤ۔ روٹی اور پانی کے لیے اور جماعتیں بڑی ہیں لیکن 70 سال سے روٹی بھی نہ ملی ڈیم بھی نہ بنا۔

جو تیرے در سے یار پھرتے ہیں
پھر در بدر یونہی خوار پھرتے ہیں

Scanned with CamScanner

111: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

شکر نہیں کرتا تیرے گھر پولیس اس لیے آئی تو لبیک کا نعرہ لگاتا ہے کسی کے گھر پولیس ڈکیتی کی وجہ سے آتی ہے چوری کی وجہ سے آتی ہے قتل کی وجہ سے آتی ہے تو شکر نہیں کرتا تمہیں یہ پوچھنے آئے کہ تم لبیک کا نعرہ لگاتے ہو کہ نہیں، اس کو کہو میں تو لگاتا ہوں میری نسلیں بھی لگائیں گی۔ لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

112: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

جب بھی بات کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کی غازی تنویر قادری کہتا یہی تو امتحان ہے تنویر کس نے کس کو خوش کرنا ہے۔

113: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

تمہیں پتہ نہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کا مسئلہ کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے بڑا غیرت مند رب ہے جب حضرت یوسف علیہ السلام کی قیمت لگی بازار مصر میں تو سورہ یوسف پڑھ کر بتاؤ قوم کو جناب حضرت یوسف علیہ السلام کی صرف قیمت لگی بازار میں رب تعالیٰ سات سال قحط لایا۔ مصر میں دودھ پیتا بچہ بھی جب تک جناب حضرت یوسف علیہ السلام کی پاؤں میں گرا نہیں تھا اس وقت تک رب تعالیٰ نے قحط نہیں ہٹایا۔ رب تعالیٰ اپنے نبیوں کے عزت کے بارے میں اتنا غیور ہے وہ تو جناب حضرت یوسف علیہ السلام ہیں، امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات تو ہے ہی ''وراء الورا''۔

114: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اقبال رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے لارڈ فرنگی نے اپنے بیٹے سے کہا کہ مسلمانوں کو سدا غلام بنا کر رکھنا اس نے کہا یہ تو غلام نہیں بنتے ان کے پاس آٹھ تلواریں ہوں۔ تب بھی بدر میں چلے جاتے ہیں۔

115: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آپ اور میں کتنے خوش نصیب ہیں کہ لوگ پتہ نہیں کیسے کیسے نعرے لگاتے ہیں

Scanned with CamScanner

اور ساتھ ہنس رہے ہوتے ہیں ساتھ اپنے لیڈروں کا مذاق بناتے ہیں اور ان کا دل اور زبان آپس میں نہیں ملتا وہ کہتے ہیں فراڈیا ہے ہم تو سیاسی طور پر ان کا نعرہ لگا رہے ہیں میں اور آپ کتنے خوش نصیب ہیں ہم وہ نعرہ لگاتے ہیں جس کا معنی ہے میں حضور ﷺ ہر وقت آپ کی عزت آبرو کے لیے حاضر ہوں حضور ﷺ ہم آپ کی ختم نبوت ﷺ کی حفاظت کے لیے حاضر ہیں۔

116: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

اقبال رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہے جو اگر مگر کرتا ہے سمجھ جائے اس کے پاس عشق کوئی نہیں ہے عشق اگر مگر نہیں کرتا عشق صرف یہ دیکھتا ہے میرے نبی ﷺ کا مقام کیا ہے میرے نبی ﷺ کی عظمت کیا ہے۔

117: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

وہ ہالینڈ کا سور کہتا میرے خلاف فتویٰ دینے والا کیسے رہا ہو گیا۔ تیرے خلاف میں نے فتویٰ تو نہیں دیا یہ تو 1400 سال کا فتویٰ ہے آپ سمجھ گئے ہیں کہ وہ کیوں پریشان ہے۔ میرا جرم صرف یہی ہے، جو میری قید پر خوش ہوا، وہ بھی وہی تھا جب میں رِہا ہوا تب بھی وہی پریشان ہوا۔

118: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

نبی کریم ﷺ کی اُمت کے غیور مسلمانوں اور نبی کریم ﷺ کی عزت و ابرو پر ہر وقت پہرا دینے والو، عاشقان رسول ﷺ آپ کے یہ جذبے یہ ولولے یہ نعرے ان شاء اللہ تعالیٰ تا صبح قیامت جاری رہیں گے قیامت کے بعد جب نبی ﷺ تشریف لائیں گے وہ منظر بھی آپ نے دیکھنا ہے ان شاء اللہ اسی انداز سے دیکھنا ہے پھر جب حضور ﷺ تشریف لائیں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس دن ساری دنیا چُپ ہو گی اس دن میں رب تعالیٰ سے لمبی بات کروں گا اور حضور ﷺ فرماتے ہیں اس دن میں خطیب ہوں گا۔

Scanned with CamScanner

119: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرات نے جو مشکلات برداشت کی ہیں قید و بند کی صعوبتیں اور آپ حضرات کے کاروبار بچوں گھروں کے اندر جو کچھ ہوا یہاں اگر کسی نے ایک چیونٹی نے دوسری چیونٹی کو کاٹا ہے دُنیا میں تو اس کا حساب بھی دینا ہوگا جو کچھ آپ لوگوں کے ساتھ ہوا اس کا حساب ہر بندے کو دینا ہے دنیا میں بھی دینا ہے اور آخرت میں بھی دینا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کی بات کرنا 1400 سال میں نہ کبھی جرم تھا نہ ہے نہ قیامت تک ہوگا۔

120: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جب ایران فتح ہوا حضرت سعد بن ابی وقاص نے رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مال غنیمت بھیجا ساتھ ایک خط بھیجا فرمایا: بعض ایسے مقامات سے ہیرے، جواہرات، سونا ملا۔ وہاں ان سپاھیوں کو اللہ کے علاوہ دیکھنے والا کوئی نہیں تھا۔ ایک سوئی کی بددیانتی بھی کسی نے نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے کہ میری رعایا اتنی دیانت دار ہے۔ پیچھے مولا کائنات حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کھڑے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کندھے پر اپنا ہاتھ مارا، فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ جب تم بددیانت نہیں تو تمہاری رعایا کیسے بددیانت ہو۔

121: فرمان قبلہ امیر المجاھدین رحمۃ اللہ علیہ

